سوال

(159) شرع میں عالم کی کیا تعارف ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا تعریف ہے شرع میں عالم کی یعنی کم از کم کہاں تک علم حدیث اور فقہ حاصل کیا ہو۔ جس سے کہ عالم ہونے کا مستحق ہو؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عالم کے دو درجے ہیں۔ ایک وہ جو اتنے احکام کو بدلائل جانتا ہو جو اس پر وارد ہوئے ہیں یعنی ذاتی چاہے از قسم عبادت ہوں۔ یا از قسم تمدن وغیرہ۔ دوم وہ جو اپنے احکام کے علاوہ ان احکام کو بھی بدلائل جانے جو مسلمانوں پر عائد ہوتے ہیں۔ مثلا احکام سیاست جہاد وغیرہ یہ سب تعریف اس حدیث سے استنبط ہے۔ جس میں آپ ﷺ نے علماء امت کو زمین کے قطعات سے تمثیل دی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01 ص361

محدث فتویٰ